www.KitaboSunnat.com

عبدالکریم ثمر

تکمیلِ کائنات ہے بعثت حضورؐ کی

غارِ حرا تھی منزلِ خلوت حضورؐ کی
فتحِ مبین بن گئی ہجرت حضورؐ کی

تکمیلِ کائنات ہے بعثت حضورؐ کی
اور اُمتوں میں خیر ہے اُمت حضورؐ کی

تیغوں کے سائے میں بھی تبسم لبوں پہ تھا
صلِ علیٰ یہ شان عزیمت حضورؐ کی

معیارِ زندگی کا ہے کردارِ مصطفیٰ !
قرآں تمام سیرت و صورت حضورؐ کی

کون و مکاں میں سرورِ کون و مکاں حضورؐ
کون و مکاں ہیں زیرِ قیادت حضورؐ کی

وہ ساحلِ مراد سے ہوتا ہے ہمکنار
جس دل میں موجزن ہو محبت حضورؐ کی

نغمے مچل رہے ہیں درود و سلام کے
جاری ہے ہر زبان پہ مدحت حضورؐ کی

اللہ کی رضا ہے رضائے رسولِ حق
اللہ کا کرم ہے اطاعت حضورؐ کی

لاریب اس سے بڑھ کے سعادت نہیں ثمر
ہو جائے گر نصیب زیارت حضورؐ کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ